# نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

# پریس ریلیز

**سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت لاہور میں انڈس بیسن میں اصلاح آبپاشی اور موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ زرعی ترقی کے منصوبے پر عملدرآمد سے متعلق جائزہ اجلاس کا انعقاد۔**

**لاہور: 23 مئی 2023(    )** حکومت پنجاب اور اقوام متحدہ کے ادارہ خوراک و زراعت (FAO) کے درمیان یونیلیٹرل ٹرسٹ فنڈ ایگریمنٹ کے تحت جنوبی پنجاب میں انڈس بیسن میں اصلاح آبپاشی اور موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ زرعی ترقی کے منصوبے پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے لئے سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ لاہور میں اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں ایف اے او کی طرف سے فلورنس رولی، امیلڈ ابرجینا، ٹیکنیکل ایڈوائزر، جی سی ایف پراجیکٹ جبکہ محکمہ زراعت کی طرف سے ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی پنجاب ملک اکرم، چیف پلاننگ اینڈ ایویلیوایشن سیل رانا محمود سمیت دیگر اعلیٰ افسران شریک ہوئے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ اس منصوبے کے تحت جنوبی پنجاب کے 5 اضلاع ملتان، مظفر گڑھ، ڈیرہ غازی خان، لودھراں اور خانیوال میں 13 لاکھ کاشتکاروں کو فائدہ ہوگا۔اس منصوبے کے ذریعے موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ زرعی ٹیکنالوجی اور اصلاح آبپاشی کے طریقوں کی ترویج سے فصلوں کی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب 8 ملین یو ایس ڈالر ایف اے او کے ذریعے یونی لیٹرل ایگرمنٹ فنڈ میں ٹرانسفر کرے گی جس سے اس پراجیکٹ کے تحت کاشتکاروں کی مدد کی جائے گی اور اس منصوبے کے تحت کلائمیٹ سمارٹ ایگریکلچر ٹیکنالوجی کو ٹارگٹ اضلاع میں فروغ دیا جائے گا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے اس منصوبے میں شامل جنوبی پنجاب کے اضلاع کی ایگروایکالوجیکل زون سٹڈی اور جامع رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت بھی کی۔اس موقع پر پاکستان میں ایف اے او کی نمائندہ مس فلورنس رولی نے کہا کہ اس پراجیکٹ کا مقصد انڈس بیسن میں اصلاح آبپاشی اور موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ زرعی ترقی کو فروغ دینا ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ اقوام متحدہ کا ادارہ خوراک و زراعت (FAO) کی طرف سے صوبہ پنجاب میں کلائمیٹ سمارٹ اور آبپاش زراعت کی ترقی کے لئے بھرپور معاونت کی جائے گی۔ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) پنجاب ملک محمد اکرم نے شرکاء کو بتایا کہ اس منصوبے پر 47.69 ملین یو ایس ڈالر خرچ کئے جا رہے ہیں جس میں سے 34.99 ملین ڈالر گرین کلائمیٹ سمارٹ گرانٹ کے طور پر دستیاب ہیں جبکہ حکومت پنجاب 8 ملین ڈالر فراہم کر رہی ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ اس منصوبے پر عملدرآمد سے کاشتکاروں کی صلاحیت کار میں اضافہ کے ساتھ ریگولیٹری سسٹم بھی مستحکم ہوگا۔

☆☆☆☆